At-Turas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نیکی کا ترجمان ہے مجلہ التراث

دل میرا، میری جاں ہے مجلہ التراث
اک تحفۂ گراں ہے مجلہ التراث
اک علمی آسماں ہے مجلہ التراث
اک ادبی کہکشاں ہے مجلہ التراث
جس راہ پر رضائے الٰہی ہے ساتھ ساتھ
اس راہ پر رواں ہے مجلہ التراث
جو خوبیوں کو چاہتے ہیں بزم دہر میں
آج ان کے برزباں ہے مجلہ التراث
گلہائے رنگا رنگ سے روشن ورق ورق ہے
اک ایسا گلستاں ہے مجلہ التراث
اس ترجماں کو رکھ لو اپنے مطالعے میں
نیکی کا ترجماں ہے مجلہ التراث
ہر شخص جس سے کرتا ہے اب اکتساب فیض
وہ چشمۂ رواں ہے مجلہ التراث

رستم عثمانی